''جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو۔'' (صحیح بخاری:۷۸۰)

اور صحیح بخاری کی ہی ایک دوسری روایت کے الفاظ یوں ہیں:

«إذا أمن القاري فأمّنوا» ''جب قاری آمین کہے تو تم بھی آمین کہو۔'' (صحیح بخاری:۶۴۰۲)

ظاہر ہے کہ رسول اللہ ﷺ امام تھے اور صحابہؓ مقتدی تھے، سب اکٹھے آمین پکارتے تھے۔

معراج پر نبی کریم ﷺ کو کونسا قلم چلتا ہوا سنائی دیا؟

❁ سوال: صحیح بخاری میں آتا ہے کہ جب پیغمبر اسلامؐ معراج پر گئے تو وہاں اُنہوں نے قلم چلنے کی آواز سنی تو یہ کونسا قلم چل رہا تھا پھر اللہ کے رسولؐ کو اس کی کیسے آواز سنائی دی؟

جواب: اس سے مراد وہ فیصلہ جات ہیں جو فرشتے رقم کر رہے تھے۔ فتح الباری میں ہے:

والمراد ما تكتبه الملائكة من أقضية الله سبحانه وتعالى (۴۶۲/۱) اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو قلم چلنے کی آواز سنائی سو آپ نے سن لی۔ ﴿لِتَعْلَمُوْا أَنَّ اللهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَأَنَّ اللهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا﴾ (الطّلاق:۱۲) ''تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور یہ کہ اللہ ہر چیز کو اپنے علم سے احاطہ کئے ہوئے ہے۔''

آسمان وزمین کی تخلیق میں چھ دن کونسے مراد ہیں؟

❁ سوال: اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا ہے کہ ہم نے عرش اور زمین کو چھ دن میں بنایا تو چھ دن سے کیا مراد ہے؟

جواب: چھ دنوں میں اختلاف ہے، ایک قول میں اس سے دنیا کے دن مراد ہیں، جبکہ دوسرے قول میں آخرت کے دن مقصود ہیں، مجاہد کا قول یہی ہے۔ (فتح القدیر، شوکانی: ۵۰۸/۴)

قيل هذه الأيام من أيام الدنيا وقيل من أيام الآخرة (زبدة التفسیر ص۲۰۱)

حقیقتِ حال اللہ بہتر جانتا ہے، لیکن بظاہر اس سے دنیاوی دن مراد ہونے چاہئیں، کیونکہ قرآن کریم عربوں کے فہم کے مطابق نازل ہوا ہے۔

زیب وزینت کے بعض حرام طریقے

❁ سوال: صحیح بخاری میں عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث ہے کہ

www.KitaboSunnat.com